Office of Women's Health

پَیپ ٹسٹ (Pap Tests)

پَیپ ٹسٹ کیا ہے؟

پَیپ ٹسٹ یا پیپ سمیئر میں رحم (یوٹرس) کے زیریں حصے (سروکس) کے خلیوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی جانچ کی جاتی ہے۔ سروِکس رحم کا وہ حصہ ہوتا ہے جو بچے دانی کی نالی یعنی وجائنہ میں کھلتا ہے۔ اس ٹسٹ سے ایسے خلیوں کا پتہ لگ سکتا ہے جو کینسر شدہ ہوں یا وہ خلیے جو کینسر میں تبدیل ہوسکتے ہوں۔

خواتین کو پیَپ ٹسٹ کب کروانا چاہئے؟

تمام خواتین کو پہلی بار مجامعت کرنے کے تقریباً تین سال بعد باقاعدہ پَیپ ٹسٹ کروانے کا آغاز کردینا چاہئے۔ عام طور پر اکیس (21) سال سے اوپر تمام خواتین کو یہ ٹسٹ کروانا چاہئے۔

پَیپ ٹسٹ کیسے کیا جاتا ہے؟

- ڈاکٹر یا نرس بچے دانی کی نالی یعنی وجائنہ میں ایک آلہ داخل کرکے آپ کے رحم کے زیریں حصے (سروِکس) کا معائنہ کرتے ہیں۔
- اس حصے کے اندرونی یا بیرونی خلیوں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔

پَیپ ٹسٹ کی تیاری کے لئے کیا ضروری ہے؟

پَیپ ٹسٹ کروانے سے دو (2) دن پہلے مندرجہ ذیل عوامل سے پرہیز لازم ہے:

- مجامعت (جنسی تعلق) نہ کریں
- بچے دانی کی نالی یعنی وجائنہ کے اندر کسی قسم کے خوشبودار پانی کا استعمال نہ کریں۔
- ٹیمپون یعنی وجائنہ کے اندر داخل ہونے والے پیڈ کا استعمال نہ کریں
- حمل کو روکنے کے لئے فوم، کریم یا جیلی کا استعمال روک دیں
- کسی بھی ایسی دوائی کا استعمال جو بچے دانی کی نالی میں داخل ہو
- کسی بھی قسم کی کریم جو شرمگاہ یا بچے دانی کی نالی کے اندر داخل ہو
- شرمگاہ کے گرد پسینے کو روکنے کے لئے خوشبودار سپرے یا پاؤڈر کا استعمال
- تیراکی سے پرہیز کریں
- ٹب میں غسل سے پرہیز کریں

ایام آنے کی صورت میں پیپ ٹسٹ نہ کروائیں۔ ماہواری کی وجہ سے غیر معمولی خلیوں کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے۔ ٹسٹ کے لئے اپنی طے شدہ تاریخ ایام کے بعد مقرر کریں۔

خواتین کو کتنی مرتبہ پَیپ ٹسٹ کروانا چاہئے؟

اس بات کا فیصلہ اپنے ڈاکٹر یا نرس سے مشورے کے بعد کریں۔ کسی بھی خاتون کے لئے پیپ ٹسٹ کی تعداد مندرجہ ذیل عوامل پر منحصر ہے:

- آپ کی عمر
- ماضی میں کئے گئے پیپ ٹسٹ کا نتیجہ
- آپ کی عمومی طبّی صحت
- ایچ پی وی (HPV-ہیومن پیپیلوما وائرس) میں مبتلا ہونا
- سگریٹ نوشی

خواتین کو پَیپ ٹسٹ کروانا کب بند کردینا چاہئے؟

خواتین عام طور پر ستّر (70) سال کی عمر میں پَیپ ٹسٹ کروانا بند کرسکتی ہیں، اگر ان کے گزشتہ دس (10) سال میں کئے گئے ٹسٹوں کا نتیجہ معمول کے مطابق ہو۔ پَیپ ٹسٹ نہ کروانے کے باوجود ستّر (70) سال سے اُوپر عمر کی خواتین کو ہر سال پیٹرو (پیلوِس) کا باقاعدہ معائنہ کروانا چاہئے۔

صفحہ پلٹیں

پیپ ٹسٹ (Pap Tests)

ان خواتین کے بارے میں کیا خیال ہے جنہوں نے رحم نکلوا دیا ہے؟

- جن خواتین نے جزوی طور پر رحم نکلوا دیا ہے انہیں بھی پیپ ٹیسٹ کروانا ہوتا ہے۔ اس سرجری میں عنق رحم کو نہیں، بلکہ مہبل (بیضہ دان) کو نکالا جاتا ہے۔
- جن خواتین نے کلی طور پر رحم نکلوا دیا ہے وہ پیپ ٹیسٹ کروانا بند کرسکتی ہیں۔ اس سرجری میں مہبل اور عنق رحم کو نکال دیا جاتا ہے۔
- یہاں تک کہ پیپ اسمیئرز کے بعد بھی، تمام خواتین کو ہر سال عنق رحم کی جانچ کروانی چاہئے۔

FDA کا دفتر برائے صحت خواتین http://www.fda.gov/womens

مزید معلومات کے لئے:

فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (FDA)
http://www.fda.gov/fdac/features/2004/104_cancer.html

نیشنل کینسر انسٹی ٹیوٹ (NCI)
عنق رحم کے کینسر سے متعلق ہوم پیج
http://www.cancer.gov/cancerinfo/types/cervical
فون: 1-800-4-CANCER 1-(800-422-6237)
ٹی ٹی وائی/ٹی ڈی ڈی: 1-800-332-8615